# ول سمیڈ کی 99 رنز کی اننگز رائیگاں، پشاور زلمی نے کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو شکست دے دی

**لاہور، 15 فروری 2022ء:**

ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے بائیسویں میچ میں پشاور زلمی نے کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو 24 رنز سے ہرا کر ٹورنامنٹ میں چوتھی کامیابی حاصل کرلی ہے۔ ول سمیڈ کی 99 رنز کی شاندار اننگز رائیگاں گئی۔

186 رنز کے تعاقب میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی ٹیم مقررہ بیس اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 161 رنز بناسکی۔ اوپنر ول سمیڈ کے علاوہ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کا کوئی بھی بیٹر پشاور زلمی کے باؤلرز کے سامنے زیادہ دیر مزاحمت نہ کرسکا۔ ول سمیڈ کی 60 گیندوں پر 99 رنز کی اننگز میں 12 چوکے اور 3 چھکے شامل تھے۔ ول سمیڈ اس سے قبل بھی ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے ایک میچ میں سنچری اسکور کرنے میں ناکام رہے تھے۔ وہ پشاور زلمی کے خلاف ایک میچ میں 97 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے تھے۔

ول سمیڈ کے علاوہ ڈبل فگرز میں داخل ہونے والے دیگر بیٹرز میں کپتان سرفراز احمد 25، جیسن رائے 13 اور افتخار احمد 10 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

اسپنر عثمان قادر نے 25 رنز دے کر تین کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ سلمان ارشاد نے دو وکٹیں حاصل کیں۔

اس سے قبل پشاور زلمی نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ بیس اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 185 رنز بنائے تھے۔ تجربہ کار بیٹر شعیب ملک اور آلراؤنڈر حسین طلعت نے نصف سنچریاں اسکور کیں۔ شعیب ملک 8 چوکوں کی بدولت 58 اور حسین طلعت 6

چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 51 رنز بناکر آؤٹ ہوئے۔ دونوں کھلاڑیوں نے چوتھی وکٹ کے لیے 73 رنز کی عمدہ شراکت قائم کی۔

سہیل تنویر کے ایک اوور میں چار چھکوں کی مدد سے بین کٹنگ 36 اور محمد حارث 29 رنز بناکر نمایاں رہے۔ نسیم شاہ نے 27 رنز کے عوض چار کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔

– ENDS –


Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Assistant Manager
Media and Communications



www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4